## سوال

(80) نمازوں کو جمع کرنے کے لیے نیت شرط ہے؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا دو نمازوں کے درمیان جمع کرنے کے لیے نیت شرط ہے؟ کیونکہ بہت سے لوگ جمع کی نیت کے بغیر مغرب کی نماز ادا کرلیتے ہیں پھر باہم مشورہ کر کے بطور جمع عشاء کی نماز پڑھتے ہیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس سلسلہ میں علماء کا اختلاف ہے لیکن راجح یہ ہے کہ پہلی نماز شروع کرتے وقت نیت شرط نہیں ہے لہٰذا پہلی نماز سے فارغ ہونے کے بعد جمع کرنا جائز ہے بشرطیکہ خوف، بیماری یا بارش میں سے کوئی سبب موجود ہو۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## ارکانِ اسلام سے متعلق اہم فتاویٰ

**صفحہ: 142**

محدث فتویٰ